

# زرعی زہروں کی باقیات سے پاک
# دھان کی کاشت

دھان پاکستان کی ایک اہم نقدآور فصل ہے جوملکی ضروریات پورا کرنے کے ساتھ زرمبادلہ کمانے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔صوبہ پنجاب کے روایتی علاقہ میں پیدا ہونے والا چاول دنیا بھر میں پسند کیا جاتا ہے۔پنجاب میں یہ فصل 67 لاکھ ایکڑ پر کاشت ہورہی ہے۔ پاکستان دنیا کا چوتھا چاول برآمد کرنے والا ملک ہے۔ پاکستان نے سال 25-2024 میں 5.8 ملین ٹن چاول برآمد کرکے تقریباً 3.36 ارب ڈالرز زرمبادلہ کا حصول کیا ہے۔

چاول درآمد کرنے والے ممالک کے زرعی زہروں کی باقیات (MRLs) اور افلاٹاکسن کے حوالے سے معیار بہت سخت ہیں جس کی وجہ سے برآمدات کو خطرات لاحق رہتے ہیں برآمدی معیار کے چاول کی پیداوار کے حصول کے لیے محکمہ زراعت پنجاب بھرپور مہم چلا رہا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج حاصل ہورہے ہیں۔

## دھان کی فصل کے لئے مربوط طریقہ انسداد

### قبل از کاشت

- دھان کی پنیری 20 مئی سے پہلے ہرگز کاشت نہ کریں۔
- غیر منظور شدہ اقسام کاشت کرنے سے اجتناب کریں۔
- بیج کو پھپھوندی کش زہر لگا کر کاشت کریں۔
- کسان حضرات بکائنی سے متاثرہ کھیت سے بیج حاصل نہ کریں تاکہ بیماری اگلی فصل میں منتقل نہ ہو

### لاب کی منتقلی کے بعد

- صحت مند پنیری مختلف بیماریوں اور کیڑوں سے تحفظ کی ضامن ہے۔
- کھیتوں اوران کے اطراف میں اگی ہوئی جڑی بوٹیوں کو تلف کریں۔
- بکائنی سے متاثرہ پودوں کو اکھاڑ کر تلف کریں۔
- زمین کی پانی جذب کرنے کی صلاحیت میں اضافہ کر کے پتوں کے بھورے دھبوں اور بلاسٹ کے حملے کو محدود کیا جاسکتا ہے۔
- دانے دار زہر کو پیسٹ سکاؤٹنگ کے بعد نقصان کی معاشی حد کو نظر رکھتے ہوئے ایک سے ڈیڑھ انچ کھڑے پانی میں پہلی دفعہ (35 تا 40) دن اور دوسری دفعہ گوبھ کی حالت میں استعمال کریں۔
- تنے کی سنڈیوں کے حیاتیاتی کنٹرول کے لیے ٹرائیکوگراما کارڈز کا استعمال کریں۔
- ایسی زرعی زہریں جو محکمہ زراعت کی طرف سے دھان کی فصل پر اسپرے کیلئے رجسٹرڈ نہیں ہیں ان کا ہرگز استعمال نہ کریں۔
- ابتدا میں ساری فصل پر اسپرے کرنے کی بجائے صرف متاثرہ حصوں پر ہی اسپرے کریں۔
- دھان کی سفید پشتی و بھورے تیلے کی ابتدائی حملہ کی صورت میں فصل کو 3 سے 4 دن کا سوکا دیا جائے۔
- ہمیشہ سفارش کردہ زہر لیبل پر درج ہدایات کے مطابق استعمال کریں۔
- زہر کے استعمال کے دوران وقفہ قبل از برداشت (PHI) کو مد نظر رکھیں۔
- فالس سمٹ کے جرثومے متاثرہ مونجروں، آلودہ بیج اور فصل کی باقیات میں زندہ رہ کر اگلی فصل میں منتقل ہوسکتے ہیں، لہٰذا برداشت کے فوراً بعد ان کی تلفی یقینی بنائیں۔






- NPK کے مناسب استعمال سے کیڑے اور بیماریوں کے خلاف فصل کی قوتِ مدافعت میں اضافہ کیا جاسکتا ہے۔
- نقصان دہ کیڑوں کی روک تھام اور کسان دوست کیڑوں کی افزائش میں معاونت کیلئے ہفتے میں دوبار معائنہ/ پیسٹ سکاؤٹنگ کریں۔
- مائع کیڑے مار زہروں کے غیر ضروری استعمال سے پرہیز کریں۔ کیونکہ اس سے کسان دوست کیڑے بھی مرجاتے ہیں۔
- ماحولیاتی تبدیلی کے اثرات اور بیماریوں کے مؤثر کنٹرول کے لئے فصل میں گوبھ سے لیکر دانہ بننے تک پانی کو سوکھنے نہ دیں۔
- افلاٹاکسن سے بچاؤ کے لیے کٹائی کے دوران مشینری صاف رکھیں اور فصل کو فوری طور پر مناسب نمی تک خشک کریں۔
- ذخیرہ کے دوران اجناس کو خشک، ٹھنڈی اور ہوادار جگہ پر رکھیں اور نمی والے ماحول سے اجتناب کریں۔

## خبردار! چاول کی فصل پر زرعی زہروں کی باقیات کی وجہ سے درج ذیل زہریں سپرے کرنا ممنوع ہیں

| | | |
|---|---|---|
| امیڈاکلوپرڈ | کاربینڈازم | پروفینوفاس |
| پروفیزن | ٹیبوکونازول | ٹرائی سائیکلازول |
| اسیٹامیپرڈ | کلورپائری فاس | ہیگزاکونازول |
| ٹرائی ایزوفاس | تھائیوفینیٹ میتھائل | فلوٹریافال |
| تھایامیتھاگزم | کلوتھیانیڈن | |



# زرعی زہروں کی باقیات سے پاک



# دھان کی کاشت

محکمہ زراعت حکومت پنجاب

## دھان کے کیڑوں کے خلاف استعمال ہونے والے سفارش کردہ زرعی زہریں

| زرعی زہر کا نام | کیڑے کا نام | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) |
|---|---|---|---|
| بائی فینتھرین 10 فیصد ایس سی | ٹوکا | 250 ملی لیٹر | 30 |
| فلوبینڈامائیڈ 48 فیصد ایس سی | تنے کی سنڈی | 75 ملی لیٹر | 7 |
| مونومی ہائیپو 5 فیصد جی | تنے کی سنڈی | 7 کلوگرام | 14 |
| کارٹیپ 4 فیصد جی | تنے کی سنڈی، پتہ لپیٹ سنڈی | 9 کلوگرام | 40 |
| آئسوسائیکلوسیرم 200 ایس سی | تنے کی سنڈی | 120 ملی لیٹر | 29 |
| | پتہ لپیٹ سنڈی | 40 ملی لیٹر | |
| ٹیٹرانیلی پرول 200 فیصد ایس سی | تنے کی سنڈی، پتہ لپیٹ سنڈی | 100 ملی لیٹر | 33 |
| ایمامیکٹن بینزوایٹ + لیمڈاسائی ہیلوتھرین 12٪ فیصد ڈبلیو پی | تنے کی سنڈی، پتہ لپیٹ سنڈی | 100 گرام | 16 |
| کلورینٹرانیلی پرول + ایمامیکٹن بینزوایٹ 0.26٪ جی | تنے کی سنڈی، پتہ لپیٹ سنڈی | 8 کلوگرام | 14 |
| ایمامیکٹن بینزوایٹ + انڈوکسارب 9٪ فیصد ایس سی | پتہ لپیٹ سنڈی | 60 تا 120 ملی لیٹر | 28 |
| گیماسائی ہیلوتھرین 60 سی ایس | پتہ لپیٹ سنڈی | 75 ملی لیٹر | 21 |
| کلورینٹرانیلی پرول 0.4 فیصد جی | تنے کی سنڈی | 4 کلوگرام | 14 |
| فلونکامائڈ 50 فیصد ڈبلیو ڈی جی | سفید پشتی و بھورا تیلہ | 60 گرام | 7 |
| نائیٹن پائرم + پائی میٹروزین 60 فیصد ڈبلیو ڈی جی | سفید پشتی و بھورا تیلہ | 100 گرام | 14 |
| ڈائینوٹیفیران + پائی میٹروزین 60 فیصد ڈبلیو ڈی جی | سفید پشتی و بھورا تیلہ | 100 گرام | 14 |
| ٹرائی فلومیزوپرم 10 فیصد ایس سی | سفید پشتی و بھورا تیلہ | 94 ملی لیٹر | 21 |
| پائی میٹروزین 50 ڈبلیو جی | سفید پشتی و بھورا تیلہ | 60 گرام | 14 |

## دھان کی بیماریوں کے خلاف استعمال ہونے والے سفارش کردہ زرعی زہریں

| زرعی زہر کا نام | بیماری کا نام | مقدار فی ایکڑ | وقفہ قبل از برداشت (دن) |
|---|---|---|---|
| ڈائی فینوکونازول 250 ای سی | بھبھکا | 125 ملی لیٹر | 14 |
| ویلیڈامائسن + ڈائی فینوکونازول 12 ڈبلیو پی | بھبھکا | 250 گرام | 14 تا 35 |
| سلفر 80 فیصد ڈبلیو جی | جراثیمی جھلساؤ، بھبھکا، بھورے دھبے | 800 گرام | 7 |
| ایزوکسی سٹروبن + ڈائی فینوکونازول 30 فیصد ایس سی | بھبھکا، بھورے دھبے، غلافی جھلساؤ، فالس سمٹ | 200 ملی لیٹر | 14 |
| فلوآکساسٹرابن 48 فیصد ایس ای | بھورے دھبے، غلافی جھلساؤ | 100-125 ملی لیٹر | 28 |
| ڈائی فینوکونازول + پروپی کونازول 300 ای سی | بھورے دھبے | 120 ملی لیٹر | 30 تا 45 |
| پکوکسی اسٹروبن + سائپروکونازول 280 ایس سی | بھورے دھبے | 240 ملی لیٹر | 30 تا 45 |
| ایزاکسی سٹروبن + پراپیکونازول 24 فیصد ایس سی | غلافی جھلساؤ | 200 تا 250 ملی لیٹر | 35 |
| والیڈامائسین + ایپوکسی کونازول 24 فیصد ایس سی | جراثیمی جھلساؤ | 100 ملی لیٹر | 15 |
| والیڈامائسین 5 فیصد ایس ایل | جراثیمی جھلساؤ، غلافی جھلساؤ | 300 ملی لیٹر | 11 |
| کسوگامائسین 2 فیصد ایس ایل | جراثیمی جھلساؤ، غلافی جھلساؤ، بھبھکا | 600 ملی لیٹر | 14 |
| فلوپائیرم + ٹرائی فلوکسی سٹرابن 500 ایس سی | غلافی جھلساؤ، بھبھکا | 200-240 ملی لیٹر | 32 |
| کاپرآکسی کلورائیڈ 50 فیصد ڈبلیو پی | جراثیمی جھلساؤ، فالس سمٹ | 500 گرام | 14 |
| کاپرآکسی کلورائیڈ + کسوگامائسین 47 فیصد ڈبلیو پی | جراثیمی جھلساؤ | 240-400 گرام | 14 |
| کاپرہائیڈروآکسائیڈ 77 فیصد ڈبلیو پی | جراثیمی جھلساؤ | 200-250 گرام | 14 |
| پکوکسی اسٹروبن + پروپی کونازول 30 فیصد ایس سی | فالس سمٹ | 228-204 ملی لیٹر | 21 |


ڈائریکٹوریٹ جنرل

پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹیسائیڈز پنجاب لاہور

042-99204371